Australian Government
Department of Home Affairs

کووڈ-19 کی جانچ اورعلاج

اگر آپ کے پاس ویزا نہ بھی ہو، یا آپ اپنے ویزا کی کیفیت کے بارے میں غیر یقنی ہوں، تب بھی آپ کو صحت عامہ کی ہدایات پر عمل کرنا چاہئے۔ اگر آپ اگر آپ بیمار محسوس کررہے ہیں، تو طبی امداد حاصل کریں اور کووڈ-19 کی جانچ کروائیں۔

ریاستی اور علاقائی حکومتیں کووڈ-19 کی مفت جانچ اورعلاج فراہم کررہی ہیں۔

- آسٹریلیائی دارلحکومتی خطہ
- نیو ساوتھ ویلز
- شمالی خطہ
- کوئنز لینڈ
- جنوبی آسٹریلیا
- تسمانیا
- وکٹوریہ
- مغربی آسٹریلیا

میرے پاس خصوصی زمرے کا ویزا ہے

نیوزی لینڈی اور آسٹریلیائی باشندوں کے لئے ایسے بندوبست ہیں جن کے تحت ہم ایک دوسرے کے ملک میں رہ سکتے ہیں اور کام کرسکتے ہیں۔

کیا میں آسٹریلیا میں کسی طرح کی مدد حاصل کرنے کے قابل ہوں؟

اگر آپ SCV تحفظ یافتہ نیوزی لینڈی شہری ہیں اور اہلیت کے دیگر تقاضوں کو پورا کرتے ہیں، تو آپ جاب سیکر اور جاب کیپر اسکیموں کی ادائیگیوں سمیت تمام فلاحی معاوضے حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔

اگر آپ SCV تحفظ یافتہ نیوزی لینڈی شہری نہیں ہیں اور آپ کے پاس TY444 ویزا ہے، پھر بھی آپ اپنے آجر کے توسط سے جاب کیپر اسکیم کی ادائیگی حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔

نیوزی لینڈ کی تحفظ یافتہ شہری کون ہیں؟

جو شخص ذیل میں سے کسی ایک گروہ کے تحت آتا ہے، وہ نیوزی لینڈ کا تحفظ یافتہ شہری ہے:

- آسٹریلیا میں 26 فروری 2001 سے رہ رہا ہو
- مذکورہ تاریخ سے پہلے 2 برسوں میں سے 12 مہینے آسٹریلیا میں رہا ہو
- 26 فروری 2004 سے پہلے سروس آسٹریلیا کی طرف سے SCV تحفظ یافتہ حیثیت حاصل کی ہو۔

SCV تحفظ یافتہ حیثیت کے حاملین سے متعلق مزید معلومات اور مشورے درج ذیل لنک سے حاصل کئے جا سکتے ہیں
سروس آسٹریلیا کی ویب سائٹ۔